

1446
سلام یا حسین
عاشورہ ..... صبح سے شام تک
Ashura ... Morning to Evening
Muharram 1446/2024
Maulana Dr. Muhammad Raza Dawoodani
www.dawoodani.com

Summary

Muharram 1446

August 2024

Topic
Aashura ..... Morning to Evening

Main Reference .....
Muharaba e Karbala: Allama Syed Ali Naqi Naqvi

Speaker:
Maulana Dr. MUHAMMAD Raza Dawoodani

Special Thanks
Hudais Zahra Dawoodani and other Family members for composing

خلاصہ

محرم 1446

اگست 2024

موضوع: عاشورہ ۔۔۔۔۔ صبح سے شام تک

مرکزی حوالہ: محاربہ کربلا از علامہ سید علی نقوی

مقرر: مولانا ڈاکٹر محمد رضا داؤدانی

تشکر: حُدیث زہرا داؤدانی اور داؤدانی فیملی

سلسلہ اشاعت امامیہ مشن۔ لکھنؤ نمبر ۶۳۶

مجاہدۂ کربلا

از

سرکار سید العلماء الحاج مولانا السید علی نقی النقوی مجتہد العصر دام ظلہ

مطبوعہ

سرفراز قومی پریس۔ لکھنؤ


قیمت:۔ چھ روپیہ

محاربۂ کربلا

مصنفہٗ

سرکار شریعتمدار حجۃ الاسلام سید العلماء
مولانا سید علی نقی صاحب قبلہ مجتہد العصر دام ظلہ

مطبوعہ یوسفی برقی پریس لکھنؤ


التماس سورہ فاتحہ برائے ایصال ثواب مرحوم علامہ سید علی نقی نقوی
www.dawoodani.com

فہرست:

یوم عاشورہ: صبح سے شام تک:

بسمہ تعالیٰ

یوم عاشورہ: صبح سے شام تک

(الف): نماز فجر سے آغاز جنگ تک

صبح:

نماز فجر ...... امامؑ کی دعا

امام حسینؑ کا خطبہ

جناب زہیرؑ اور جناب بریرؑ کی تقریر

جناب حرؑ کی توبہ

جناب حرؑ کی تقریر

(ب): آغاز جنگ سے حملہ اولیٰ تک (ظہر سے ایک گھنٹہ پہلے)

آغاز جنگ میں ...... عمر سعد: گواہ رہنا پہلا تیر میں پھینک رہا ہوں

پہلے مجاہد....... عبداللہ ابن عمیر کلبی

زوجہ ام وھب کا میدان میں آنا

یزیدی میمنے سے عمرو ابن حجاج کا حملہ ناکام

حرؑ: فرزند رسول! پہلا شہید بننا چاہتا ہوں ...... میدان سے کامیاب واپسی

تیسرے مجاہد نافع بن ہلال جملی: میں علیؑ کے دین پر ہوں

• عمرو بن حجاج کا فوج کے ساتھ میمنہ سے حسینی فوج پر حملہ

• حملہ پسپا تو ہوا مگر مسلم بن عوسجہ شہید ہو گئے

• شمر کا میسرہ سے حسینی فوج پر حملہ

عبداللہ بن عمیر دوسرے شہید

ام وھب (عبداللہ کی زوجہ) کا لاش پر آنا•••••• شمر کا اپنے غلام رستم کو اشارہ کرنا.... گرز سے سر پر وار اور تیسری شہادت

- حسینی فوج کا بہادری سے مقابلہ ...... جس طرف رخ کرتے یزیدی فوج کا سمندر جزر کی طرح پیچھے ہٹ جاتا تھا

4- مُنجح بن سہم (امام حسنؑ یا امام حسینؑ کے غلام) کی شہادت

- پانچ مجاہدین کی شہادت:

5- عَمرو بن خالد اسدی

6- سعد (عمرو بن خالد کے غلام)

7- مُجمّع بن عبداللہ عائذی

8- عائذ بن مُجمّع

9- جنادہ بن حارث سلمانی

- یہ نصرت کے لئے ساتھ ہی آئے تھے اور ساتھ ہی دشمن پر حملہ آور ہوئے
- فوج نے ان کو گھیر کر باقی ساتھیوں سے الگ کردیا
- امام کا حضرت عباسؑ کو ان کی مدد کے لئے بھیجنا ... ان کا بچا کر لانا ..... پھر ان کا تعاقب کرنا ... ان کا جواب اور شہادت۔

"ذلک قبل الحملتہ الاولی فی اول القتال"۔

یہ حملہ اولیٰ سے پہلے ابتدائی جنگ کا واقعہ ہے (ابصار العین فی انصار الحسین علامہ شیخ محمد سماوی)

- جندب بن حجیر کندی کی شہادت بھی ابتدائی جنگ میں ہوئی
- عزرہ بن قیس کا عمر سعد کے لئے پیغام... تم دیکھ رہے ہو کہ صبح سے اس چھوٹی جماعت کے ہاتھوں میری فوج کی کیا حالت ہے.
- عمر سعد کا پیادوں کے سردار شبث بن ربعی کو پیغام: تم آگے کیوں نہیں بڑھتے؟
- شبث: افسوس اتنی فوج ناکافی سمجھی جائے اور مجھے جو ایک بڑا سردار ہوں زحمت دی جائے اور پھر تیراندازوں کی بھی ضرورت ہو کیا میرے سوا کوئی اور اس مہم کے لئے نہیں ملتا؟
- عمر سعد نے حصین بن تمیم کی فوج کے ساتھ 500 تیراندازوں کو مقرر کیا کہ وہ بڑھیں اور امام حسینؑ کی فوج کے قریب جاکر پاس سے تیر برسائیں
- یہ تیر لوہے کی ایک بڑی چادر کی طرح مختصر جماعت کو ڈھانپنے کے لئے آگے بڑھے
- حسینی فوج اس سیلاب کو ریلتے ہوئے جا پڑے اور دشمن کی فوج کے اندر گھس گئے اور شمشیرزنی کرنے لگے
- یہ "حملہ اولیٰ" کہلاتا ہے جس کو پسپا تو کردیا مگر 50 ساتھی شہید ہوگئے، کچھ تیروں سے کچھ جنگ مغلوبہ میں لڑکر. زیادہ تر گھوڑے بھی ختم ہوگئے.

۵۰ شہدا کے نام جو پہلے حملے میں شہید ہوئے:

"پہلے حملہ" میں شہید ہونیوالے اصحاب کے اسماء

(بترتیب حروف تہجی)

(۱) ادہم بن امیہ عبدی بصری

(۲) امیہ بن سعد بن زید طائی

(۳) بشر بن عمرو بن احدوث حضرمی کندی

(۴) جابر بن حجاج مولی عامر بن نہشل تیمی

(۵) جبلہ بن علی الشیبانی۔

(۶) جنادۃ بن کعب بن حارث انصاری خزرجی،

(۷) جوین بن مالک بن قیس بن ثعلبہ تیمی۔

(۸) حارث بن امرأ القیس بن عابس کندی

(۹) حارث بن نبہان مولی حمزۃ بن عبدالمطلب،

(۱۰) حباب بن عامر بن کعب التیمی۔

(۱۱) حلبشی بن قیس النہمی

(۱۲) حجاج بن بدر التمیمی السعدی

(۱۳) حلاس بن عمرو الازدی الراسبی

(۱۴) زاہر بن عمرو الکندی

(۱۵) زہیر بن سلیم بن عمرو الازدی

(۱۶) سالم بن عمرو بن عبداللہ مولی بنی المدنیۃ الکلبی۔

(۱۷) سالم مولی عامر بن مسلم العبدی۔

(۱۸) سعد بن حارث مولی علی بن ابی طالب علیہ السلام۔

(۱۹) سعد بن عبداللہ مولی عمر بن خالد الاسدی الصیداوی۔

(۲۰) سلمان بن مضارب بن قیس

(۲۱) سلیم مولی الحسن ؑ

(۲۲) سوار بن منعم بن حابس النہمی الہمدانی

(۲۳) شبیب بن عبداللہ مولی حارث بن سریع الہمدانی الجابری۔

(۲۴) شبیب بن عبداللہ النہشلی البصری

(۲۵) عامر بن مسلم بن حسان بن شریح السعدی البصری۔

(۲۶) عامر بن مسلم العبدی البصری

(۲۷) عباد بن مہاجر بن ابی المہاجر الجہنی

(۲۸) عبدالرحمٰن بن عبداللہ الارحبی۔

(۲۹) عبدالرحمٰن بن مسعود بن حجاج التیمی

(۳۰) عبداللہ بن بشر الخثعمی

(۳۱) عبداللہ بن یزید بن ثبیط القیسی العبدی البصری۔

(۳۲) عبیداللہ بن یزید بن ثبیط القیسی

(۳۳) عقبۃ بن الصلت الجہنی

(۳۴) عمار بن ابی سلامۃ الدالانی

(۳۵) عمار بن حسان بن شریح الطائی

(۳۶) عمر بن ضبیعۃ بن قیس بن ثعلبۃ التیمی

(۳۷) عمرو بن جندب الحضرمی

(۳۸) قارب بن عبداللہ بن اریقط اللیثی الدؤلی۔

(۳۹) قاسط بن عبداللہ بن زہیر بن حارث التغلبی۔

(۴۰) قاسم بن حبیب بن ابی بشر الازدی

(۴۱) کردوس بن عبداللہ بن زہیر التغلبی

(۴۲) مالک بن سریع۔

(۴۳) مجمع بن زیاد بن عمرو الجہنی

(۴۴) مسعود بن حجاج التیمی

(۴۵) مسلم بن کثیر الاعرج الازدی

(۴۶) مقسط بن عبداللہ بن زہیر التغلبی

(۴۷) منیع بن زیاد

(۴۸) نصر بن ابی نیزر مولیٰ علی بن ابیطالب علیہ السلام۔

(۴۹) نعمان بن عمرو الازدی الراسبی

(۵۰) نعیم بن عجلان الانصاری الزرقی الخزرجی۔

یہ وہ لوگ ہیں جن میں یہ نہیں بتایا جا سکتا کہ کون پہلے شہید ہوا اور کون بعد اس لئے کہ تیروں کی بارش اور گھمسان کی جنگ میں ترتیب قائم ہونا غیر ممکن ہے اور معلوم ہی نہیں ہو سکتی۔

(ج): حملہ اولیٰ سے ظہر تک

• ۵۰ ساتھیوں کی حملہ اولیٰ میں شہادت کے بعد لشکر حسینؑ کی تعداد اور کم ہوگئ۔
پھر بھی انتہائی بہادری سے لڑے۔

* طبری: انہوں نے سخت ترین جنگ کی یہاں تک کہ دوپہر کا وقت آگیا. سخت ترین جنگ دنیا کی جو خدا نے خلق کی ہو.

• یزیدی فوج کی کوشش کہ خیام کی پشت سے حملہ کرے

* خیمے طناب اندر طناب مضبوط دیوار کی طرح تھے

* عمر سعد خیمے دائیں بائیں سے گرانا شروع کرو.

* جواب میں لشکر حسینی کی strategy/ خیمے میں آنے والے قتل.

* عمر سعد خیموں کو آگ لگادو/ بھڑکے ہوئے شعلوں سے آگے بڑھنا ناممکن ہوگیا۔ ایک اور شکست۔

* شمر کا بی بیوں کے خیام کو آگ لگانے کا ارادہ ...... مذمت.

* زہیرؑ کا دس ساتھیوں کے ساتھ حملہ اور شمر کی پسپائی.

• اس دوران شہید ہونے والے اصحاب حسینی

۶۱. بکر بن حی

۶۲. کنانہ بن عتیق

۶۳. عمرو بن جنادہ (کم سن یتیم)

۶۴. یزید بن حسین المشرقی

(د): ظہر کا وقت اور نماز ظہر

- ابو ثمامہؒ کا امام سے مکالمہ/ نماز ظہر/ امام کی دعائیں
- نماز ظہر کے لئے وقفے کی خواہش/ لشکر یزید کا انکار
- حبیب ابن مظاہرؒ کی جنگ اور شہادت
- حرؒ اور زہیرؒ کا مل کر لڑنا
- جناب حرؒ کی شہادت اور امامؑ کی قدردانی

(ہ): نماز ظہر

- صلوۃ الخوف کا اہتمام
- سعید بن عبداللہؒ کی شہادت۔۔۔۔۔13 تیر جسم پر
- جناب زہیرؒ کی شہادت

نماز ظہر کے بعد:

69: نافع بن عبداللہ جملی:

۔انا الجملی انا علیٰ دین علیٰ

70: عبداللہ 71: عبدالرحمٰن

۔عزرہ غداری کے دو بیٹے

72: سیف بن حارث بن سریع 73: مالک بن عبد بن سریع

۔چچا زاد بھائی اور ایک ماں کی اولاد

۔آنسوؤں سے اظہار عقیدت

74: بریر بن خضیر ہمدانی

۔قاری قرآن، حافظ قرآن، معلم قرآن،

۔مباہلہ

75: حنظلہ بن اسعد شبامی

۔حافظ قرآن

76: شوذب

۔عابس کے غلام (بیٹے کی طرح)

77: عابس ابن شبیب شاکری

۔شیروں کا شیر ہے ۔۔۔۔۔(دشمن کا اعتراف)

۔ حسین کی محبت نے مجھے دیوانہ بنا دیا

78: عمرو بن قرضہ انصاری

۔حسین ۔۔۔۔۔۔ تم جنت میں میرے آگے جاؤ گے

79: جون حبشی

۔غلام ابوذر

۔ خوشبو سے پہچان

80: واضح غلام ترکی

۔سید سجادؑ کے غلام

۔ غلام ۔۔۔ نائب امام

81: سوید بن عمرو

۔ مقتل میں بے ہوش

۔امامؑ کے بعد شہادت

(ز): 18 بنی ھاشم / اولاد ابو طالبؑ

ترتیب:

1۔ جناب علی اکبرؑ

اولاد مسلمؑ:

2۔ عبداللہ بن مسلمؑ 3۔ محمد بن مسلمؑ

اولاد عقیلؑ:

4۔ جعفر بن عقیلؑ 5۔ عبدالرحمٰنؑ

اولاد جعفرؑ:

6۔ عونؑ 7۔ محمدؑ

اولاد امام حسنؑ:

8۔ قاسمؑ 9۔ ابوبکر بن حسنؑ

اولاد امیرالمؤمنین حضرت علیؑ:

10۔ محمد الاوسطؑ 11۔ عبداللہؑ

12۔ عثمانؑ 13۔ جعفرؑ

14۔ حضرت عباس علمدارؑ

15۔ جناب علی اصغرؑ

16۔ عبداللہ بن حسنؑ

17۔ امام حسین سید الشہداءؑ

18۔ محمد بن ابی سعید بن عقیلؑ

لشکر حسینیؑ

میمنہ: زہیرؑ ابن قینؑ

میسرہ: حبیب ابن مظاہرؑ

قلب لشکر: حضرت عباس علمدارؑ

تعداد:

- مشہور 72

(سوار 32 پیادہ 40)

- 100 سے زیادہ 200 سے کم

لشکر یزید

میمنہ: شمر

میسرہ: عمرو بن حجاج

قلب لشکر: دوید

- پیادوں کا سردار: شبث بن ربعی
- سواروں کا سردار: عزرہ بن قیس

تعداد:

- 30 ہزار کم سے کم
- لاکھ سے بھی زیادہ کا امکان